آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعہ 08 اکتوبر 2021ء بمطابق یکم ربیع الاول 1443ھ | شمارہ نمبر 254

استعفیٰ نہ دینے پر جام کمال کیخلاف تحریک عدم اعتماد لائیں گے، ناراض ارکان

استعفیٰ نہ دینے پر جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد لائیں گے، ناراض ارکان میں کوئی بھی جام کمال کو تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں، بحیثیت وزیراعلیٰ جام کمال کو صوبائی اسمبلی میں اکثریت نہیں رہی

40 حکومتی ممبران میں سے پندرہ اراکین اسمبلی، وزراء اور مشیروں کی جانب سے بیڈ گورننس کی بنیاد پر حکومت سے راہیں الگ کرنے کے بعد جام کمال کی حکومت آئینی جواز کھو چکی ہے

صوبے میں جاری غیر یقینی سیاسی صورتحال سے متعلق آج تمام ممبران ایک اہم اور حتمی فیصلہ کرنے کیلئے مشترکہ اجلاس منعقد کرینگے۔ خدارا بلوچستان پر رحم اور جمہوری قدروں کی پاسداری کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) ناراض رکن اور کابینہ سے الگ ہونے والے صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ 15 ارکان کی علیحدگی پر جام کمال کی حکومت آئینی جواز کھو چکی، بی اے پی متحد ہیں آج ہونے والے مشترکہ اجلاس میں اہم اور حتمی فیصلہ کیا جائے گا، عمران خان قومی اسمبلی سے اعتماد کا ووٹ لے سکتے ہیں تو پھر جام کمال کو بھی صوبائی اسمبلی سے اعتماد کا ووٹ لینا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں کیا۔ ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ 40 حکومتی ممبران میں سے پندرہ اراکین اسمبلی، وزراء اور مشیروں کی جانب سے بیڈ گورننس کی بنیاد پر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

ہرنائی وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ڈسٹرکٹ ہسپتال ہرنائی میں میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:20
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:45
اہل تشیع: فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	7:45

بلوچستان زلزلے نے تباہی مچا دی، 20 افراد جاں بحق، سینکڑوں زخمی

خون، ہنگامی امداد، ہیلی کاپٹر اور دیگر تمام اشیا کا بندوبست کرلیا ہے، زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، کئی مکانات تباہ اور سرکاری عمارتوں کو نقصان پہنچا، سینکڑوں افراد بے گھر ہوگئے

کئی مکانات تباہ اور سرکاری عمارتوں کو نقصان پہنچا، سینکڑوں افراد بے گھر، پاک فوج سمیت امدادی اداروں کی کارروائیاں، متاثرہ آبادی میں خوراک اور امدادی سامان کی تقسیم سمیت متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی شروع

زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنے کے لیے ہیلی کاپٹر ہرنائی پہنچا، ہرنائی اور کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کرکے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے بھی کام شروع کردیا، تمام محکمے اس سلسلے میں کام کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے نے تباہی مچادی جس کے نتیجے میں 20 افراد جاں بحق اور سینکڑوں زخمی ہوگئے، زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، کئی مکانات تباہ اور سرکاری عمارتوں کو نقصان پہنچا، سینکڑوں افراد بے گھر ہوگئے، پاک فوج سمیت امدادی اداروں نے کارروائیاں اور متاثرہ آبادی میں خوراک اور امدادی سامان کی تقسیم سمیت متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی شروع کر دی۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) اور زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلہ رات 3 بجکر ایک منٹ پر آیا جس کی شدت 9.5 اور گہرائی 15 کلومیٹر تھی زلزلے کا مرکز ہرنائی کے قریب تھا۔ کوئٹہ، سبی، چمن، زیارت، قلعہ عبداللہ، ژوب، لورالائی، پشین، مسلم باغ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا ہرنائی کے دورے کے موقع پر میڈیا پرسنز سے گفتگو کر رہے ہیں

متاثرین کی بحالی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی، سوری قائم

پوری قوم مشکل کی اس گھڑی میں ناگہانی آفت سے متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے، ڈپٹی اسپیکر

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے بلوچستان میں زلزلے کے نتیجے میں جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم مشکل کی اس گھڑی میں ناگہانی آفت

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستان کا ایک بار پھر مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر گہری تشویش کا اظہار

پاکستان افغانستان میں دیرپا استحکام کا خواہاں ہے، اور دونوں ممالک افغانستان کے حوالے سے ایک نقطہ نظر رکھتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ عاصم افتخار نے ایک بار پھر مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قاشت ہندوتوا بلوائی بھارت میں اقلیتوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، عالمی برادری کو بھارت کی انسانی حقوق کی خلاف

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی سیاسی صورتحال میں آج اہم موڑ متوقع، بلوچستان عوامی پارٹی کے ارکان اسمبلی کا مشترکہ اہم اجلاس آج (جمعہ) کو ہوگا، اجلاس میں اہم فیصلے متوقع

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سیاسی صورتحال میں آج اہم موڑ متوقع، بلوچستان عوامی پارٹی کے ارکان اسمبلی کا مشترکہ اہم اجلاس آج (جمعہ) کو ہوگا، اجلاس میں اہم فیصلے متوقع، صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی متحد ہے اور آج پارٹی کے تمام ارکان اسمبلی کا مشترکہ اجلاس

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان زلزلے سے متاثر ہونیوالے علاقوں کا خود جائزہ لے رہے ہیں، لیاقت شاہوانی

حکومت کسی صورت اپنے لوگوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان زلزلے سے متاثر ہونیوالے علاقوں کا خود جائزہ لے رہے ہیں، حکومت کسی صورت اپنے لوگوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی عوام احتیاط کرے، زلزلے کے جھٹکے آسکتے ہیں۔ یہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کا ہرنائی زلزلہ میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

اعجاز احمد شاہ کا بلوچستان میں زلزلے کے نتیجے میں جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

حکومت متاثرین کی امداد کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے کام کرے گی، اعجاز احمد شاہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ہرنائی زلزلہ میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ زلزلے سے ہرنائی اور گردونواح میں امدادی کام جاری ہیں، سول آرمڈ فورسز زلزلہ متاثرین کی مدد میں انتظامیہ کی مدد کر رہی ہیں۔ وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ فرنٹیئر کور بلوچستان بارڈر امدادی کاموں میں بھرپور حصہ لے رہی ہے، تمام وسائل استعمال کئے جا رہے ہیں۔ دریں اثناء وفاقی وزیر انسداد دہشتگردی اعجاز احمد شاہ نے بلوچستان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

نائی متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

پاک فوج، فرنٹیئر کور، ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، محکمہ روڈ، صحت، ضلع انتظامیہ اور دیگر ادارے متاثرہ علاقوں میں مصروف ہیں۔ زلزلہ متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، پی پی ایچ آئی، ضلعی انتظامیہ اور دیگر امدادی اداروں کو متاثرہ علاقوں میں الرٹ کردیا گیا ہے' آزمائش اور مشکل کی اس گھڑی میں زلزلہ متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والا مبینہ دہشتگرد گرفتار اسلحہ و گولہ بارود برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والا مبینہ دہشتگرد

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے سبی روڈ پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے سبی روڈ پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

برطانوی ہم منصب کیساتھ ملاقات میں کرکٹ ٹیم کے دورے کی یکطرفہ منسوخی کا معاملہ اٹھایا تھا، شاہ محمود قریشی

برطانوی وزیر خارجہ نے یقین دہانی کروائی ہمارے تحفظات برطانوی کرکٹ بورڈ تک پہنچائیں گے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ دورہ برطانیہ کے دوران لندن میں برطانوی ہم منصب کے ساتھ ہونیوالی ملاقات میں کرکٹ ٹیم کے دورے کی یکطرفہ منسوخی کا معاملہ اٹھایا تھا۔ اپنے بیان میں وزیر خارجہ نے کہا کہ انگلینڈ ٹیم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر

لاہور: وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ہاورائسٹر میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آزمائش کی اس گھڑی میں زلزلہ متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں انتظامیہ زلزلہ متاثرین کی ہر ممکن مدد کو یقینی بنائیں، اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے ہرنائی میں زلزلے سے انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزمائش کی اس گھڑی میں زلزلہ متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں انتظامیہ زلزلہ متاثرین کی ہر ممکن مدد کو یقینی بنائیں۔ اپنے جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

لورالائی میں زیادہ نشہ کرنے باعث ایک شخص جاں بحق

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں زیادہ نشہ کرنے باعث ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں زلزلہ سے جانی و مالی نقصان پر پوری قوم غمزدہ ہے، وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے بلوچستان میں زلزلہ سے ہونے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

صدر ڈاکٹر عارف علوی کا بلوچستان میں زلزلے سے قیمتی جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر ڈاکٹر عارف علوی نے بلوچستان میں زلزلے سے قیمتی جانی و مالی نقصان پر

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

آصف علی زرداری کا ہرنائی میں زلزلے سے انسانی جانوں کے نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری نے ہرنائی میں زلزلے سے انسانی جانوں کے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

صادق سنجرانی کا بلوچستان میں زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے بلوچستان کے مختلف شہروں میں آنے

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

زلزلہ متاثرین کی بحالی کے کاموں میں مکمل ساتھ دیں گے، ضیاء لانگو

مصیبت کی اس گھڑی میں ہم اپنے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہیں' متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں تیز کی جائیں گی

میڈیکل ٹیمز، ہیلی کاپٹر، نان فوڈ آئٹم، ادویات، جلد از جلد زلزلہ متاثرین کے لئے بھیجے جائیں گے' وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے چیئرمین این ڈی ایم اے کا ٹیلیفونک رابطہ ہرنائی زلزلے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا چیئرمین این ڈی ایم اے نے زلزلہ متاثرین کی ہر طرح سے امداد و تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ میڈیکل ٹیمز، ہیلی کاپٹر، نان فوڈ آئٹم، ادویات، جلد از جلد زلزلہ متاثرین کے لئے بھیجے جائیں گے وزیر داخلہ نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ہم اپنے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ کو متاثرہ علاقوں میں الرٹ کردیا گیا ہے۔ ممکنہ وسائل میں بنگامی بنیادوں پر امدادی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں بھیجنے کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں اور متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں تیز کی جائیں گی۔ وفاقی صوبائی حکومت کو زلزلہ متاثرین کی بحالی کے لیے تمام وسائل فراہم کرے گی۔ حکومت نے ریسکیو، ریلیف اور ری ہیبلیٹیشن کے لیے متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ زلزلہ متاثرین کی بحالی کے لیے کوئی کسر نہیں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ریسکیو ادارے متاثرہ افراد کی بحالی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، سے یاد دہانی، افراد کیلئے اقدامات کے جائیں، نواب ثناء اللہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، چیف آف جھالاوان و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے ہرنائی زلزلہ اور انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے مغفرت و لواحقین سے ہمدردی کا اظہار اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی ہے انہوں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

قدرتی آفات کے خطرات موسمیاتی تبدیلی کے باعث بڑھتے جا رہے ہیں، اسد عمر

انفارمیشن کی ترسیل اور کوارڈینیشن میں بہتری لانے سے قدرتی آفات کا بہتر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے گا

وزیراعظم کا 10 ارب درختوں کا منصوبہ بھی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں کمی کیلئے ہے' وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ قدرتی آفات کے خطرات موسمیاتی تبدیلی کے باعث بڑھتے جا رہے ہیں، انفارمیشن کی ترسیل اور کوارڈینیشن میں بہتری لانے سے قدرتی آفات کا بہتر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے گا۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام ڈیزاسٹر ریڈینس کی جانب سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ قدرتی آفات کے خطرات موسمیاتی تبدیلی کے باعث بڑھتے جا رہے ہیں، قومی منصوبہ بندی میں اس کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

جام کمال اخلاقی و عددی اعتبار سے حق حکمرانی کھو چکے، متحدہ اپوزیشن

گورنر بلوچستان فوری طور پر آئین کے آرٹیکل 130(7) کے تحت اسمبلی کا اجلاس طلب کریں جس میں وزیراعلیٰ کے اعتماد کا ووٹ لیں

صوبے کی سیاسی ملخصوص حکومت وزراء کے استعفوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ارکان بلوچستان اسمبلی کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وزراء اور مشیران کے استعفوں کے بعد وزیراعلیٰ جام کمال خان اعتماد کھو چکے ہیں گورنر بلوچستان فوری طور پر آئین کے آرٹیکل 130(7) کے تحت اسمبلی کا اجلاس طلب کریں جس میں وزیراعلیٰ کے اعتماد کا ووٹ لیں۔ یہ بات بی این پی کے رہنما، رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے بلوچستان اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن جماعتوں کے وفد کی چیف آف سراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی سے ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہی ہے، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی کی قیادت میں متحدہ اپوزیشن جماعتوں کے وفد نے نواب اسلم رئیسانی سے انکی رہائشگاہ پر ملاقات کی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

اگر کرپشن کرتا تو آف شورز کمپنی بنانے کی ضرورت نہ پڑتی، وفاقی وزیر علی زیدی

مصنوعی جہاز ٹھلے کی تمام تفصیلات کو آن لائن کردیا ہے، مجھے وزارت سے ہٹا بھی دیا جائے پھر بھی جہاز تجاویز کے بغیر نہیں ہوگی، وفاقی وزیر

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر علی زیدی نے کہا ہے کہ اگر کرپشن کرتا تو آف شورز کمپنی بنانے کی ضرورت نہ پڑتی۔ پشاور میں سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے موقع پر بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ علی حیدر زیدی نے کہا کہ ہم میری ٹائم سے کرپشن کا خاتمہ کردیا، اگر کرپشن کرتا تو آف شورز کمپنی بنانے کی ضرورت نہ پڑتی، کرپشن کی کوئی ایفیڈیوش قبول نہیں کی، ورنہ ابھی میرے کیسز اور میری میں لٹکے ہوتے، نیب آرڈیننس میں کئی اداروں کو بتایا گیا تھا کہ وہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ہرنائی میں زلزلے کے باعث زخمیوں کو پاک فوج کے ایوی ایشن ہیلی کاپٹر کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا جا رہا ہے

سیاسی رہنماؤں کا زلزلے میں جانی و مالی نقصان پر افسوس کا اظہار

وزیراعظم عمران خان کا بلوچستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے نتیجے میں قیمتی جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور موجودہ صورتحال کی ابتدائی رپورٹ وزیراعظم آفس کو موصول، وزیراعظم کی متعلقہ اداروں کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے نتیجے میں قیمتی جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور موجودہ صورتحال کی ابتدائی رپورٹ وزیراعظم آفس کو موصول، وزیراعظم نے تمام متعلقہ وفاقی اداروں کو ریلیف فراہمی میں حکومت بلوچستان کو تمام ممکنہ معاونت کی فراہمی کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے زخمیوں کو بہترین طبی امداد کی فراہمی کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت اس مشکل گھڑی میں ہر ممکنہ تعاون فراہم کرے گی دریں اثناء اسپیکر اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے بلوچستان زلزلے میں جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر نے متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کیا اور کہا کہ مشکل کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں زلزلے کے نتیجے میں ہونے والا جانی و مالی نقصان افسوسناک ہے، اسفند یار ولی خان

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اسفند یار ولی خان نے بلوچستان میں گزشتہ رات زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ باچا خان مرکز پشاور سے جاری بیان میں اے این پی سربراہ نے کہا ہے کہ زلزلے کے نتیجے میں ہونے والا جانی و مالی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پاکستان سے منسلک 700 کی غیر قانونی اربے کے ذرائع کی تحقیقات ہونی چاہیے، صدر مملکت

پاناما، پیراڈائز اور اب پینڈورا پیپرز نے لوٹی ہوئی دولت کی منی لانڈرنگ کے لیے استعمال ہونے والی ہزاروں آف شور کمپنیوں کی تصدیق کی ہے

پاکستان اپنی دولت باہر جانے سے روکنے کیلئے نظام بہتر کردے، لوٹی ہوئی رقم واپس لائی جائے۔ لیکن ان لیکس پناہ گاہوں کا کیا کریں، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ پاناما، پیراڈائز اور اب پینڈورا پیپرز نے لوٹی ہوئی دولت کی منی لانڈرنگ کے لیے استعمال ہونے والی ہزاروں آف شور کمپنیوں کی تصدیق کی ہے، پاکستان سے منسلک 700 کی غیر قانونی اربے کے ذرائع کی تحقیقات ہونی چاہیے، لوٹی ہوئی رقم واپس لائی جائے۔ لیکن ان لیکس پناہ گاہوں کا کیا کریں؟۔ اپنے بیان میں صدر نے کہا کہ ایک صدی سے زائد عرصے سے مغرب کے زیر سایہ لیکس پناہ گاہوں میں لوٹی ہوئی دولت

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

افغانستان سے لاتعلقی پاکستان کیلئے ممکن نہیں، مشیر قومی سلامتی

پاکستان کو دہشتگردی کی جنگ میں بھاری قیمت چکانا پڑی ہے۔ افغانستان کا کوئی فوجی حل موجود نہیں تھا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے کہا ہے کہ افغانستان سے لاتعلقی پاکستان کیلئے ممکن نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ افغانستان میں بدامنی کے افغان عوام، پاکستان اور ہمسایہ ممالک پر اثرات ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا کو افغانستان میں فوجی حل کی ناکامی سے خبردار کرتا رہا، عالمی برادری کو افغانستان میں امن کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا۔ معید یوسف نے کہا کہ پاکستان کو دہشتگردی کی جنگ میں بھاری قیمت چکانا پڑی ہے۔

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ہرنائی میں آئیوالے زلزلے کے باعث ایک مکان کی دیوار منہدم دکھائی دے رہی ہے

ہماری قوم نے ثابت کیا کہ آزمائش کی ہر گھڑی میں ہم ایک ہیں، گورنر بلوچستان

حکومت پر زور دیا کہ وہ زلزلہ سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات کا ازالہ کرنے اور امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں تیزی لائیں

مشکل کی اس گھڑی میں عوام اور حکومت مل کر متاثرین کی مدد کیلئے بھرپور کردار ادا کریں' سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ ہرنائی میں حکومت اور عوام کی مشترکہ امدادی کارروائیوں سے ہماری قوم نے ثابت کیا کہ آزمائش کی ہر گھڑی میں ہم ایک ہیں، انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ زلزلہ سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات کا ازالہ کرنے اور امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں تیزی لائیں، گورنر بلوچستان نے مختلف علاقوں میں حالیہ زلزلہ سے ہونے والے جانی اور مالی نقصانات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں عوام اور حکومت مل کر متاثرین کی مدد کیلئے بھرپور کردار ادا کریں، متعلقہ اداروں کو ہدایت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مختلف مقامات پر بالخصوص ہرنائی میں تمام ضروری امدادی سامان اور مشینری کی دستیابی کو یقینی بنائیں، قبل ازیں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پرائی قیمت دکار کنان ہرنائی زلزلے کے متاثرین کی ہر قسم کی مدد کے لئے تیار ہیں، میر چنگیز جمالی، روزی خان کاکڑ، رحمت بلوچ گیتی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے ہرنائی زلزلے میں انسانی جانوں کے نقصان پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کیسکو ہرنائی اسٹاف نے بجلی بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام کرتے ہوئے صبح سویرے ہرنائی سٹی فیڈر سے بجلی بحال کردی

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی میں گزشتہ شب چلنے آنے والے زلزلہ کے باعث شہر کے سٹی فیڈر فنی خرابی کے باعث بند ہوگیا جس کے بعد کیسکو ہرنائی اسٹاف نے بجلی بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کرکے صبح سویرے ہرنائی سٹی فیڈر سے بجلی بحال کردی بعد ازاں ترجیحی بنیادوں پر ہرنائی سول ہسپتال اور واٹر سپلائی اسکیم کے کنکشنز بھی بحال کردیئے گئے۔ ہرنائی میں ایمرجنسی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری مطہر رانا کا ضلع ہرنائی اور مضافات کا فضائی جائزہ

زلزلہ متاثرین کی امداد کو یقینی بنایا جائے اس سلسلے میں محکمہ داخلہ و قبائلی امور میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کی زیر صدارت ہرنائی میں زلزلہ کے بعد کی صورتحال کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں زلزلے کے نقصانات، ریلیف، آپریشن اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ ارشد مجید، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری پلاننگ غلام علی بلوچ، سیکرٹری مواصلات زاہد سلیم، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی محمد ہاشم غلزئی، سیکرٹری فنانس عبدالرحمن بزدار،

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: متحدہ اپوزیشن کے اراکین اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ کی قیادت میں وفد سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی سے موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کر رہے ہیں

زلزلہ متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا جائیگا، ہرنائی، شاہرگ میں زلزلے سے ہونیوالے نقصان پر ہر آنکھ اشکبار ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

متاثرین کی جلد بحالی کے لئے ہر ممکن دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے، پوری قوم متاثرین زلزلہ کیساتھ ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان میں زلزلہ سے بڑے پیمانے پر تباہی اور جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بلوچستان میں زلزلہ سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر ہر آنکھ اشکبار ہے ہرنائی اور شاہرگ سمیت زلزلہ سے متاثر ہونے والے علاقوں میں فوری طبی امداد پہنچانا اور متاثرین کی جلد سے جلد بحالی اولین ترجیح ہے انہوں نے زلزلہ میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کے لئے دعا کی اللہ تعالیٰ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

جام کمال کا زلزلے میں جانی و مالی نقصان پر افسوس کا اظہار

زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور موجودہ صورتحال کی ابتدائی رپورٹ وزیراعظم آفس کو موصول، وزیراعظم کی متعلقہ اداروں کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے نتیجے میں قیمتی جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور موجودہ صورتح

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

08 اکتوبر 2021ء

ہرنائی' زلزلے کی تباہ کاریاں

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے نے تباہی مچادی جس کے نتیجے میں 20 افراد جاں بحق اور سینکڑوں زخمی ہوگئے ،زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، کئی مکانات تباہ اور سرکاری عمارتوں کو نقصان پہنچا، سینکڑوں افراد بے گھر ہوگئے، پاک فوج سمیت امدادی اداروں نے کارروائیاں اور متاثرہ آبادی میں خوراک اور امدادی سامان کی تقسیم سمیت متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی شروع کردی۔ (پی ڈی ایم اے) اور زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلہ رات 3 بجکر ایک منٹ پر آیا جس کی شدت 5.9 اور گہرائی 15 کلومیٹر تھی زلزلے کا مرکز ہرنائی کے قریب تھا۔ کوئٹہ، سبی، چمن، زیارت، قلعہ عبداللہ، ژوب، لورالائی، پشین، مسلم باغ اور دکی سمیت دیگر علاقوں میں بھی زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلے کے باعث سب سے زیادہ جانی ومالی نقصان ہرنائی میں ہوا جہاں متعدد مکانات تباہ ہوگئے اور سرکاری عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد کی تصدیق کی اور کہا ہلاکتیں گھروں کی چھتیں گرنے کے سبب ہوئیں جبکہ مرنے والوں میں 6 بچے اور کئی خواتین بھی شامل ہیں۔ بلوچستان میں زلزلے کے بعد متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں شروع کردی گئیں، زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنے کے لیے ہیلی کاپٹر ہرنائی پہنچا، ہرنائی اور کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کرکے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے بھی کام شروع کردیا جبکہ زلزلے سے متاثرہ آبادی کیلئے ضروری خوراک اور شیلٹرز بھجوادیے گئے۔ سال 2013 ستمبر کے مہینے میں ضلع آوران میں آنے والے زلزلے کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی تھی۔ مذکورہ زلزلے کی شدت 7.7 ریکارڈ کی گئی تھی جس سے آوران کے 80 فیصد سے زائد کچے مکانات تباہ ہوگئے تھے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق کے زلزلے سے متعلقہ حادثات میں خواتین اور بچوں سمیت 515 افراد جاں بحق جبکہ 600 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔

کتاب: طالبان کی قید میں، یوآنے رڈلے سے مریم تک (آخری قسط)

میرا فرمان

میں واپس پشاور جانے کے لیے دوڑ رہی تھی۔ ہم ایک پہاڑی درے کا پاس پہنچے۔ جب دونوں گائیڈ نماز پڑھنے گئے تو لکھتی ہیں کہ میں کئی دنوں سے رفاحاجت روکے ہوئے تھی۔ میں ایک نوکیلے پہاڑ کی ڈھلان پر رفاحاجت سے فارغ ہوئی۔ اور اوپر سیٹلائیٹ نظر آیا۔ شاید اس نے میری تصویر بنائی۔ پھر ہم پیدل تنگ درے کی چڑھائی چڑھ رہے تھے۔ جب ہم دور بابا پہنچے تو بہت سے لوگ کھومتے پھرتے نظر آئے۔ مجھے کہا گیا کہ برقع اُتار لوں۔ مگر چہرہ سامنے نہیں آنا چاہیے۔ میرے گائیڈ نے مجھے گدھے پر بیٹھایا۔ گدھے نے جست لگائی میرے منہ سے انگلش میں گالی نکلی۔ میرا کیمرہ سامنے نظر آیا تو افغان سپاہی فوراً شور مچایا اور مجھے گدھے سے اترنے کا حکم دیا۔ میرے گائیڈ کو سپاہی نے اتنے تھپڑ مارے کہ اس کی ناک سے خون کا فوارہ چھوٹ گیا۔ ایک سرخ بالوں والے سپاہی نے مجھے اور میرے افغان گائیڈ پکڑ کر کار میں بٹھایا۔ میری تلاشی کے لیے ایک عورت بلائی گئی۔ مگر پاکستان کیمرے اور قلم کے سوا کچھ ملا۔ مجھے واپس جلال آباد لایا گیا۔ مجھے ایک ایئر کنڈیشنڈ کمرے میں ہاتھ باندھ کر قید کر لیا گیا۔ ایک نفیس طبع شخص جو ڈائریکٹر انٹیلی جنس تھا اندر آیا۔ اس نے کہا میں اپنے ذاتی کوائف لکھوں۔ میں نے بتایا کہ میں برطانوی صحافی ہوں۔ لکھتی ہیں کہ جیلر کچھ کھانے کی چیزیں لایا۔ میں نے کہا جب تک اپنی ماں سے بات نہیں کر لیتی اس وقت تک کچھ نہیں کھاؤں گی۔ ڈائریکٹر انٹیلی جنس اندر آیا تو میں بھوک ہڑتال پر تھی۔ اس سے بھی ماں سے بات کرنے کی بات دھرائی۔ تفتیش کرنے والوں نے کہ میں امریکی خفیہ ایجنٹ ہوں۔

مجھ سے معلوم کیا گیا کون کون سی تصویریں بنائی ہیں۔ پتہ لگا کہ انہوں نے ساری تصویریں تباہ کر دیں ہیں۔ میرا قصور ہیں کہ میں افغانستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہوئی۔ لکھتی ہیں مجھے رہائی کے چھوٹے وعدہ پر جلال آباد سے کابل پہنچا دیا گیا۔ کابل میں بھی جیل کی سختیاں برداشت کرنی پڑیں۔ اس دوران کابل پر بمباری ہو رہی تھی۔ کہا گیا کہ ملا عمر کے حکم پر انسانی ہمدردی کے تحت مجھے رہا کیا جا رہا ہے۔ مجھے گورنر جیل نے ایک خوبصورت موٹی مخمل کا ڈریس اور سرخ اور سنہرا برقع پیش کیا۔ اور اصرار کیا کی روانگی سے پہلے اس ڈریس کو پہن لوں۔ پاک افغان ہم بارڈر پر پہنچے تو شام ہوگئی تھی۔ مجھے شک پڑا کہ رہائی کہیں دھوکہ تو نہیں۔ سرحد پر ڈبل گیٹ کھلا اور گاڑی پانچ فٹ آگے سرک آئی۔ پھر افغانستان کا نوجوان سفارت کار مسکرایا اور آگے بڑھا اور کہا کہ جاسکتی ہیں اور میں سن ہو کر رہ گئی۔ جب میں نے قدم زمین پر رکھے تو ٹیلی ویژن کیمرے کی لائیٹ میرے چہرے پر پڑنے لگی۔ اب میں کیمروں کے سامنے تھی اور کہا جا رہا تھا طالبان نے آپ سے کیسا سلوک کیا۔ پچھلے دن دنوں کے سارے واقعات میرے ذہن میں تازہ ہو گئے۔ اخبارات اور الیکٹرونک میڈیا مجھ سے کچھ معلوم کرنا چاہتا جو میں نے اپنے اخبار کے لیے سنبھال رکھا تھا۔ لکھتی ہیں کہ مجھے پوچھا گیا کہ سچ سچ بتاؤ کی طالبان کے بارے میں تمھاری کیا رائے ہے۔ "یہ ایک حقیقت تھی کہ طالبان اپنی شہرت وحشی اور جنگلی کے برعکس مجھ سے نہایت اخلاق اور احترام سے پیش آئے۔ اگر وہ میرے ناخن کھینچ ڈالتے، مجھے ٹھنڈے پانی میں ڈبکیاں دیتے، گرم سلاخوں سے میرا جسم داغتے تو میڈیا کو مواد مل جاتا۔ بربریت کی صلاحیت رکھنے کے بوجود مجھ سے بے حد شرافت اور وضعداری کا سلوک کیا۔ مغرب میں ہمارے لوگ شاید یہ سننا گوارہ نہ کریں، مگر مجھے سچ بولنا ہے" بلکہ اس سے کہیں زیادہ اچھا برتاؤ کیا جو نام نہاد ساتھ صحافیوں کی طرف سے میرے ساتھ عقریب روا رکھا جاتا تھا اور بعض اوقات وحشیانہ مطہر بننے والا تھا۔ ڈیلی ایکسپرس کے ڈیوڈ سمتھ نے میری رہائی خبر اپنے ہیڈ کوارٹر بھیجی۔

لوگ میری رہائی پر خوش ہوئے۔ ڈیوڈ نے مجھ سے سیکرٹ ڈائری مانگی میں نے کہا یہ سنڈے ایکسپریس کی امانت ہے اسے آپ کو نہیں دے سکتی۔ پھر میں لندن پہنچ گئی۔ لندن میں میری توقع سے زیادہ میڈیا کے لوگ آئے۔ میری گرفتاری کے دوران میرے دشمن مجھے اسپیل فورسس کا جاسوس ظاہر کرتے رہے جبکہ میں صرف ایک صحافی ہوں۔ میں نے اپنی فیملی سے مل کر بہت خوش ہوئی۔ لکھتی کہ دو تہذیبوں کا فرق یہ ہے کہ میں لندن میں ایک سیاہ کیب میں سوار ہوئی تو اس کے ڈرائیور جو "ایسٹ اینڈ کا رہنے والا تھا، اخبارات میں چھپنے والی تصویر سے مجھے پہچان لیا اور بولا" کیا تم وہی چڑیا ہو جسے طالبان نے اپنے پنجرے میں بند کر دیا تھا یا طالبان نے تم سے جنسی فعل کیا" میں نے نفی میں سر ہلایا۔ اگر میں ہوتا تو تجھے بھنبھوڑ کر رکھ دیتا۔ اس کے ان گندے الفاظ پر میں سوچا مہذب دنیا میں واپسی خوشآمدید

یوآنے" میں سوچتی رہ گئی یہ تھا فرق دونوں تہذیبوں میں۔ جب مجھ سے طالبان نے مذہبی شخص کی ملاقات کرائی اور اس نے مجھے اسلام کی دعوت دی تو میں نے اس سے وعدہ کیا تھا کہ اسلام کا مطالعہ کروں گی۔

میں اپنے وعدہ پر عمل کرتے ہوئے لندن میں مسلم کالج کے سربراہ ڈاکٹر بداوی مل چکی تھی۔ میں نے لندن میں برطانوی صحافی خواتین کے سالانہ اجلاس میں روداد قفس سنائی۔ میں نے اجلاس میں کہا کہ طالبان نے میرے ساتھ نہایت شریفانہ سلوک کیا۔ میں پھر افغانستان جا کر گاؤں" کاما" ان لوگوں سے ملنا چاہتی ہوں میں اس عورت سے بھی ملنا چاہتی ہوں نے ڈینگ مارتے ہوئے کہ تھا کہ وہ پندرہ بچوں کو جنم دے سکتی ہے۔ افغانستان کی طرف خواہ مجھے کوئی بھی کھینچ رہا ہے میں وہاں دوبارہ جاؤں گی اور اپنے ایڈیٹر مارٹن ٹاؤنسنڈ اور ماں سے اجازت مانگوں گی کہ وہ مجھے ایک بار پھر وہاں جانے دیں میں اس کو سمجھ سکوں آزاد ضمیر کے ساتھ واپس آؤں۔ امریکا نے سنڈے ٹیلیگراف لندن کی کرسٹینا لمب کو اینٹی طالبان پروپیگنڈے کے لیے بھیجا تھا۔ کرسٹینا لمب کے غلط پروپیگنڈے کو یوآنے رڈلے نے رد کیا اور طالبان کی صحیح تصویر کشی کی۔ یوآنے رڈلے اب اسلام کے دامن میں رہ کر مغرب کو اسلام کے بارے غلط پروپیگنڈے کا جواب دے رہی ہے۔ اللہ اُس کے حفاظت فرمائے آمین۔

افغانستان میں داعش کا ابھرنا لمحہ فکریہ

نسیم الحق زاہدی

بم حملوں اور داعش کی دہشت گردانہ کارروائیوں نے افغانستان کی صورتحال کو نیا رخ دیدیا ہے۔ کابل میں یکے بعد دیگرے ہونے والے حملوں اور ملک میں سکیورٹی کی دگرگوں حالات کے تناظر میں داعش طالبان کیلئے ایک مضبوط چیلنج کے طور پر ابھرا ہے۔ بلاشبہ افغانستان میں داعش کی موجودگی پورے خطے کے لیے خطرناک ہے۔ گزشتہ دنوں کابل عیدگاہ حملے پر طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ افغانستان کے دارالحکومت کابل میں مسجد پر داعش کے مشتبہ حملے کے بعد مجاہدین کے سپیشل یونٹ نے داعش کے خلاف آپریشن کیا جس کے نتیجے میں داعش کا ٹھکانہ تباہ اور اس میں موجود داعش کے تمام ارکان مارے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ دارالحکومت ذبیح اللہ مجاہد کی والدہ مرحومہ کے لئے دعائیہ تقریب کے دوران ہونے والے حملے میں پانچ افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔

تاہم جنوبی ایشیا میں داعش کے ظہور کو 2014ء سے ہی دیکھا جاسکتا ہے عراق اور شام میں فوجی کامیابی کے بعد داعش نے اپنی شاخوں کو مشرق وسطی سے باہر ہم خیال گروہوں سے تعاون بڑھا کر پھیلایا۔ جب داعش رہنما ابوبکر البغدادی نے مبینہ طور پر ایک وفد کو بلوچستان اور جنوبی وزیرستان میں تحریک طالبان پاکستان کے جنگجوؤں سے بات چیت کیلئے بھیجا۔ پاکستانی فوج کے شمالی وزیرستان میں آپریشن ضرب عضب کے نتیجے میں کچھ عناصر افغانستان کو فرار ہوئے اور انہوں نے افغان صوبے ننگرہار میں قیام کرلیا تھا۔ کچھ عرصے قبل تک داعش کے نام سے شاید ہی کوئی واقف ہوگا مگر اس تنظیم نے جس مختصر عرصے میں عراق وشام میں فتوحات حاصل کیں اور وہاں سرکاری افواج کو جس طرح گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا، وہ حیران کن بات تھی جس کے بعد داعش کا شمار دنیا کی سرفہرست جہادی تنظیموں میں کیا جانے لگا اور آج یہ تنظیم، القاعدہ سے بھی زیادہ طاقتور تصور کی جارہی ہے۔

داعش کا قیام اس وقت عمل میں آیا جب القاعدہ کے سربراہ اسامہ بن لادن کی وفات کے بعد عراق میں القاعدہ کے سربراہ ابوبکر البغدادی جنہیں ابودعا بھی کہا جاتا ہے، نے 2011ء میں عراق سے امریکی افواج کے انخلاء کے بعد اس تنظیم کی بنیاد رکھی اور کسی کی نظروں میں آئے بغیر خاموشی سے ہزاروں القاعدہ اور غیر ملکی جن کا تعلق پاکستان، ازبکستان، ترکمانستان، چیچنیا، یمن اور مصر سے بتایا جاتا ہے، کو تنظیم میں شامل کرکے انہیں عراق اور شام کے محاذ پر بھیجا۔ عراق اور شام کے وسیع علاقوں پر فتوحات کے بعد داعش کے سربراہ ابوبکر البغدادی نے مفتوحہ علاقوں کو "اسلامک اسٹیٹ" قرار دیتے ہوئے اپنی خلافت کا اعلان کیا اور دنیا بھر کے جہادیوں سے اپیل کی کہ وہ عراق اور شام پہنچ کر خلافت کی تعمیر میں ان کی مدد کریں۔ ابوبکر البغدادی کی جانب سے اسلامی ریاست اور خلافت کے اعلان کے بعد پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک پر مشتمل ایک نقشہ بھی جاری کیا گیا جسے "اسلامی ریاست" قرار دیا گیا۔۔ داعش میں نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شمولیت کی اہم وجہ سوشل میڈیا اور ویب سائٹس پر موجود مذہبی اور جہادی مواد ہے جسے پڑھ کر امریکہ، کینیڈا، یورپ اور دیگر ممالک کے نوجوان اس کی جانب راغب ہورہے ہیں۔

داعش کی افغانستان میں بڑھتی ہوئی سرگرمیاں یقیناً لمحہ فکریہ ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ دنیا طالبان کی حکومت کو تسلیم کرلیں تاکہ بھارتی شرانگیزیوں کو لگام دی جاسکے۔ مذکورہ حالات سے امریکی سازش کی بو آرہی ہے کہ پہلے القاعدہ کے نام پر افغانستان کو نیست ونابود کیا اب داعش کی آڑ میں ایک بار پھر امریکہ بھارت گٹھ جوڑ نیا کھیل کھیلنے میں مصروف ہے اور جس کے لئے بھارت کو آگے کیا جا رہا ہے۔ بھارت جو افغانستان میں اپنی بائیس کھرب ڈالرز کی سرمایہ کاری کے ڈوبنے پر حواس باختہ ہے وہ کسی طور بھی اس خطے میں امن نہیں ہونے دے گا۔۔ بھارتی دہشت گردوں نے سابق کٹھ پتلی افغان حکومت کی معاونت سے خطے میں جو دہشت ودہشت کا بازار گرم کیا وہ اب سب پر عیاں ہوچکا ہے۔ پاکستان کے خلاف سٹریٹیجک سبقت کھونے کے خوف سے بھارت کا طالبان کے اقتدار سنبھالنے کی قانونی حیثیت پر سوال اٹھانا اس کی بوکھلاہٹ کا واضح ثبوت ہی تھا۔

افغانستان کے عوام کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سلامتی اور حفاظت کو (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ ٹھوری علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

یہ عوام کے ساتھ ہو کیا رہا ہے (آخری قسط)

ایم سرور صدیقی

شکر کی ایک پولیس والے کے ہاتھوں ہلاکت پر پورے چلی میں عوام سڑکوں پر آگئے، ہمارے ملک میں کتنے بیگناہوں کو پولیس نے قتل کردیا گیا ساہیوال کا واقعہ کو زیادہ وقت نہیں گذرا، سانحہ ماڈل ٹاؤن میں نہتے لوگوں کو گولیاں مارنے والوں کی ویڈیو سب کے سامنے ہیں ان کو شناخت بھی کیا جاسکتا ہے، بلوچستان کے ایک سابق وزیر نے ڈیوٹی پر مامور ٹریفک پولیس کے ایک جوان کو دن دیہاڑے کچل کر مار ڈالا ا کچھ ماہ پہلے کشمالہ طارق کے بیٹے نے چار نوجوانوں کو کچل ڈالا، ہم یہ نہیں کہیں گے کہ گاڑی ڈرائیو کون کر رہا تھا؟ مگر ہمارے حکمران شاید کسی بہت ہی بڑے سانحے کے انتظار میں ہیں، حکمرانوں کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے جب عوام اپنے حقوق اپنے ساتھ ہونے والے ظلم وزیادتیوں اور ناانصافیوں کے خلاف کندھے سے کندھا ملا کر فسطائیت اور رجعت پسند حاکیت کے خلاف اٹھ کھڑی ہوئی تو پھر انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہوگا اور خان صاحب کو سب اوکے کی رپورٹ دینے والے بھی کہیں نظر نہیں آئیں گے۔ خان صاحب نے فرمایا تھا کہ جب ڈالر مہنگا ہوتا ہے تو سمجھ لو کہ آپ کا وزیراعظم چور ہے۔

آج الحمدللہ ان کے برسر اقتدار آنے کے بعد ڈالر کے ریٹ میں کتنا اضافہ ہوچکا ہے لیکن پھر بھی وزیراعظم نہ چور ہیں نہ ڈاکو بلکہ صادق و امین ہیں، وہ فرماتے تھے کہ پیٹرول چالیس سے پینتالیس روپے کا ہونا چاہیے آج خدا کا شکر ہے کہ ان کی حکومت میں پیٹرول 125 روپے میں عوام لینے پر مجبور ہے مگر وزیراعظم کو سلام ہے کہ وہ آج بھی خطے کے دیگر ممالک سے کم قیمت میں پیٹرول فراہم کرکے عوام پر احسان عظیم کررہے ہیں۔ عمران خان نے حکومت سنبھالی تو چینی 52 روپے کلو تھی آج ان کے دور حکومت میں خیر سے 100 روپے سے اوپر جاکر خان صاحب کے نوٹس لینے کی لاج رکھ چکی ہے، آٹا تیس روپے کلو ملتا تھا مگر چینی کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے آٹے نے بھی اڑان بھری، پہلے آٹا ہی نایاب اگر کہیں ملتا ہے تو 70 سے 80 روپے کلو، خان صاحب کے وزیر کہیں گے کہ ہم تو عوام کو 960 روپے میں 20 کلوگرام آٹے کا تھیلا فراہم کررہے ہیں تو جناب جو آٹا ٹرالیوں میں لوڈ کرکے عوام کو سارا سارا دن لائن میں لگوا کر دیا جارہا ہے اتنا ناقص کوالٹی کا ہے جسے جانور بھی نہ کھائیں، پاکستان میں پہلی بار ایماندار حکومت آئی ہے جس کے تمام معاملات کی رپورٹس اوکے ہیں۔ خان صاحب کے دور حکومت میں بجلی، گیس سمیت اشیاضروریہ کی قیمتیں بار بار بڑھائی جارہی ہیں۔

خان صاحب نوٹس پر نوٹس لیکر قیمتوں میں مزید اضافے کا سبب بنتے جارہے ہیں اور اب تو عوام یہاں تک کہہ اٹھی ہے خدارا خان صاحب اب کسی چیز کا نوٹس نہ لیں، ادویات کی قیمتیں اتنی بڑھ چکی ہیں اب غریب عوام دوائی نہ خرید سکنے کی وجہ سے موت کے منہ میں جارہے ہیں مگر ہمارے خان صاحب کو سب اوکے نظر آرہا ہے اور مسلسل کہے جارہے کہ گھبرانا نہیں۔ عمران خان ماشاءاللہ اپنے فرمودات اور منشور کے مطابق پیش قدمی جاری رکھے ہوئے ہیں انہوں فرمایا تھا کہ کسی کو نہیں چھوڑوں گا، میں سب کو رلاؤں گا اب پاکستانی عوام دیکھ رہی ہے کہ خان صاحب اپنے وعدے کے کتنے پکے نکلے کہ کسی کو بھی نہ چھوڑا دیہاڑی دار مزدور سے لیکر سرکاری ملازم، بیوروکریسی سے لیکر تاجر صنعتکار ہر امیر غریب سارے ملک ساری قوم کو ہی صرف اپنے تین سالہ اقتدار میں خون کے آنسو رلا دیا ہے۔ خان صاحب کے سنہری دور حکومت میں تعلیم کا بیڑا غرق ہوگیا ہے مہنگائی کی وجہ سے معصوم طالب علم سکول چھوڑ کر اپنا اور گھر والوں کے پیٹ کا دوزخ بھرنے کیلئے اپنے ننھے ہاتھوں سے مزدوری کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں، بچوں کے سکول چھوڑنے کا اعتراف وزیر تعلیم صاحب بھی کرچکے ہیں لیکن سوشل میڈیا میں تواتر سے آرہا ہے ہمارے بادشاہ سلامت بنی گالہ میں سکون سے کتوں کیساتھ چہل قدمی کرتے دکھائی دیتے ہیں کوئی اس بات کی تردید بھی نہیں کرتا گورنر سندھ اپنے کتوں کے ساتھ سیر کرنے جاتے ہیں یہ عوام کے ساتھ ہو کیا رہا ہے؟ اب پنڈورا پیپرز نے جو پنڈورا کھول کر شرفاء کا کچا چٹھہ چوراہے میں بے عزت کردیا ہے اب کے خلاف کب ایکشن لیا جائے گا؟ بہرحال مخالفین اور ناقدین جو مرضی کہیں، یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ حکومت کی "تاریخی" کامیابیوں کی ایک طویل فہرست ہے، عمران احمد خان نے کنٹینر پر کھڑے ہو کر حکمرانوں کے بارے میں جو کچھ کہا تھا حکومت میں آکر سب سچ ثابت کردکھایا ہے سب کو واقعی رلا دیا ہے اور خان صاحب کے مشیر سب اوکے کی رپورٹ دیکر انہیں خوش کررہے ہیں اور اگلے پانچ سال کی بھی نوید سنا رہے ہیں۔ آخر میں ہم صرف یہی عرض کریں گے کہ خان صاحب وزیروں مشیروں کی فوج ظفر موج کے گھیرے باہر نکلئے اور حقیقت کا سامنا کیجئے اور عوام کے مسائل کا ادراک کیجئے ورنہ نہیں تاریخ کا حصہ بنتے دیر نہیں لگتی۔

بھارتی چیخیں

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

مادیت پرست ترقی یافتہ ملک پھٹی نظروں سے حیران کن منظر دیکھ رہے تھے کہ کس طرح سپر پاور امریکی گرانڈیل دیو قامت پہلوان کو کمزور ترین افغانستان طالبان نے چاروں شانے چت کیا پھر جس طرح طالبان نے دنوں میں کابل کو فتح کیا اور امریکی طالبان سے رحم کی بھیک مانگ رہے تھے کہ معاہدے کے مطابق اُسی تاریخ کو امریکی افواج بگرام ائرپورٹ اور افغانستان کو چھوڑ دیں گے سپر پاور کی شرم ناک عبرت ناک شکست سے مخالفین اسلام کفار پر پہلے تو سکتہ طاری ہوگیا کہ دنیا کے جدید اسلحے سے لیس سپر پاور کس طرح نہتے طالبان سے شکست کھا گئی لیکن دنیا بھر کے چیل پر یہ کرشماتی مناظر دیکھاتے جارہے تھے کہ کس طرح طالبان نے آرام سے آکر کابل کو فتح کرلیا تھا امریکی پٹھو اشرف غنی طالبان کی آمد سے پہلے ہی ڈالروں کے بیگ بھر کر اپنے حواریوں کے ساتھ بھاگ گیا تھا پہلے تو منافق بزدل مکار بھارت اور مغربی ممالک سکتے میں رہے لیکن پھر تو جیسے بھونچال آگیا ہوگیا۔

بھارتی اینکرز اور موجودہ سابقہ بھارتی جرنیل پاگل کتوں کی طرح بھونکنا شروع ہوگئے بھارت جو ہر میدان میں پاکستان کو شکست دینے کے خواب دیکھتا ہے اور ہر ممکن وہ کوشش کرتا ہے جس سے پاکستان کی سالمیت کو کمزور کیا جاسکے افغانستان پر امریکی حملے اور طالبان کی شکست کے بعد جب امریکی کٹھ پتلی حکومت افغانستان میں آئی بھارت کو مکاری چالاکی دشمنی کا موقع مل گیا اب بھارت نے افغانستان میں اپنا اثر رسوخ بڑھانے اور اپنا نیٹ ورک قائم کرنے کے لیے اربوں ڈالر انفراسٹرکچر ڈیم سڑکیں سکول مختلف عمارتیں بنانے پر خرچ کر دیئے پورے افغانستان میں اپنے سفارت خانے کھول دیئے در پردہ ان سفارت خانوں میں "را" کے ایجنٹ تھے جو پاکستان میں دہشت گردی اور پاکستان دشمن عناصر کو پرموٹ کرنے کے لیے تھے۔

بیس سالوں میں بھارت نے اپنے مذموم مقاصد کے لیے اربوں ڈالر خرچ کیے تاکہ افغانستان میں اپنے خفیہ اڈے بنا کر پاکستان کو کمزور کرسکے بھارت شیخ چلی بنا افغانستان پر ڈالروں کی بارش کر رہا تھا کہ افغانستان میں بیٹھ کر بلوچستان اور وزیرستان میں مقامی لوگوں کو استعمال کیا جاسکے طالبان جب امریکہ کے خلاف برسرپیکار تھے تو وہ اچھی طرح بھارتی امریکی گٹھ جوڑ کو دیکھ رہا تھا اوپر سے طالبان جن کا مقصد اعلیٰ حق تعالیٰ کی خوشنودی اور خدا کے نظام کو دھرتی پر نافذ کرنا وہ بھارتی سازشوں سے بخوبی واقف تھے اب جب امریکہ طویل جنگ کے بعد دم دبا کر افغانستان سے بھاگا بھاگنے سے پہلے اشرف غنی اور اس کی بزدل فوج کو جدید ترین اسلحے سے لیس کر گیا لیکن جدید اسلحہ اور بزدل افغانی فوج ریت کی دیوار ثابت ہوئے میدان جنگ میں ہتھیار ڈال دیئے یا پاکستان میں آکر پناہ لے لی طالبان کا اتنی جلدی کابل کو فتح کرنا یہ امریکہ بھارت اور اُس کے حواریوں کے لیے ناقابل یقین خواب تھا لیکن یہ خواب زندہ تعبیر ہوچکا تھا۔

بھارت کی انٹیلی جنس را ایجنسی جو بیس سالوں میں اپنا جامع مربوط نظام بنا کر بیٹھی تھی آئی ایس آئی نے را کے غبارے سے اس طرح ہوا نکالی کہ را کے ایجنٹ بھی بزدل گیدڑوں کی طرح افغانستان سے جانیں بچا کر بھاگے کٹھ پتلی حکمران اشرف غنی اور امریکی پالتو جب میدان جنگ چھوڑ کر بھاگے تو را اور بھارت کے پاس بھی بھاگنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا اب بھارت شکست خوردہ کتے کی طرح اپنی ہی دم کو کاٹ رہا ہے بھارتی پاگل جرنیل مختلف چینل پر بیٹھ کر آئی ایس آئی اور پاکستانی فوج پر الزامات کی بارش کررہے ہیں اس طرح کی رسوائی والی شکست بھارت نے خواب میں بھی نہیں سوچی تھی بھارت جو پاگل کتے کی طرح بھونک رہا ہے بھارتی چیخیں آسمان تک جارہی ہیں وہ خوفزدہ اس بات سے ہیں کہ اگر ساٹھ ہزار طالبان دنیا کی سپر طاقت کو بھاگنے پر مجبور کرسکتے ہیں جن کا دفاعی نظام اور فوجی طاقت ناقابل تسخیر سمجھی جاتی تھی اگر نہتے طالبان جذبہ ایمانی کے بل بوتے پر دنیا کی سپر پاور کو عبرت ناک شکست دے سکتے ہیں تو بھارت کس کھیت کی مولی ہے۔

بزدل بھارت کو اب کشمیر ہاتھ سے نکلتا نظر آرہا ہے کہ طالبان کو جیسے ہی استحکام حاصل ہوا انہوں نے کشمیر کا رخ کرنا ہے جیسے ہی طالبان کشمیر میں داخل ہوئے بزدل بھارتی فوج دلی جاکر سانس لے گی جب طالبان نے کابل فتح کیا تو بھارتی پاگل کتوں نے یہ بھونکنا شروع کردیا کہ ابھی وادی پنج شیر میں مسعود شاہ اور اُس کے جنگجو بھی ہیں جنہوں نے طالبان کے خلاف اعلان جنگ کردیا ہے لیکن چند دنوں میں مسعود شاہ کا بیٹا اپنے کمانڈروں کے ساتھ اپنے محلات چھوڑ کر بھاگا تو بھارت نے خالم نعدار عبدالرشید دوستم کو ہیرو بنانا شروع کردیا دوستم خالم جس کو طالبان کا دشمن اول سمجھا جاتا ہے جو ہمیشہ غیر ملکی حملہ آوروں کے ساتھ مل کر طالبان کے ساتھ لڑتا آیا ہے جس نے دشت لیلیٰ میں دس ہزار طالبان کو زندہ دفن کیا تھا دھوکے سے جھوٹ بولا طالبان اُس زخم کو آج تک نہیں بھولے وہ پہلے روس کا پٹھو بنا پھر امریکہ کا پٹھو بن گیا لیکن وہ بھی طالبان کے سامنے گیدڑ بن کر اپنے بیٹے کو طالبان کی قید میں چھوڑ کر بھاگ گیا۔

طالبان دوستم کی تلاش میں ہیں اور وہ گیدڑ کی طرح بھاگتا پھر رہا ہے یہ تمام حقائق بھارت کے لیے ناقابل ہضم ہیں اب وہ چیخیں مار رہا ہے بھارت یہ بھول گیا ہے کہ صدیوں سے کفر اسلام کی جنگ میں ہمیشہ پلہ مسلمانوں کا بھاری رہا ہے سلطان محمود غزنوی کے کامیاب حملے تاریخ کا حصہ ہیں شہاب الدین غوری نے ہندوؤں کے راجہ پرتھوی راج کو شکست دے کر اُس کی زنجیریں پہنا کر افغانستان لے جانا کس کو یاد نہیں احمد شاہ ابدالی نادر شاہ پھر مغل بابر بادشاہ نے کس طرح بھارتی سورماؤں کو خاک چٹائی یہ بزدل بھارت جانتا ہے بھارتی ابھی نہیں بھولے ہوئے جب علاؤ الدین خلجی نے بھارتی راجاؤں کو جنگوں میں شکست دی ہر میدان میں فاتح رہا سپر پاور کی شکست کے بعد اب بھارت جانتا ہے کہ جن طالبان نے سپر پاور کو دھول چٹائی یہ ایمان کے شرارے جب کشمیر بھارت کا رخ کریں گے تو کالی ماتا کے پجاریوں کی صرف موت ہوگی اور وہ دن اب دور نہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

زمیں کیوں کانپ رہی ہے؟

کوئٹہ سمیت کئی شہر لرز گئے، زلزلوں سے خوف وہراس پھیل گیا، کلمہ طیبہ کا ورد جاری۔۔۔

40 افراد جاں بحق 300 سے زائد زخمی، متعدد مکانات ملبے کا ڈھیر بن گئے



رات کا آخری پہر، وقت 3 بجکر 2 منٹ لوگ خواب کی وادیوں میں محو استراحت تھے کہ زمیں لرزنے لگی۔

بلوچستان کا صوبائی دارلحکومت کوئٹہ سمیت سبی پشین، خانوزئی، شاہرگ زیارت، احمدون، زندرہ، چوتیر بولان اور ہرنائی میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب آنے والے زلزلے نے تباہی۔ مچادی کے قدرتی آفات سے نمٹنے کے

سوال نمبر 1

حکومت سے رابطہ کرنے کے بعد جام کمال کی حکومت نے رابطہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان سنجیدہ ہیں اپنے امیدواری سید حسین رضا گیلانی کے ذریعے پارٹی کی سیاسی حکمت عملی کا اعتراف کیا ہے جو کچھ ہم صاحب کو بھی سنے ہے استصفوں کے بعد اعتماد کا وعدہ کیا ہے اور انتخابی اصلاحات کے سلسل رابطے ہوئے ہیں ہم نے متاثرہ علاقوں میں سول آرمڈ فورسز زلزلہ متاثرین کی مدد کے لیے انتظامی کی معاونت کر رہی ہیں، ضلعی انتظامیہ کو زلزلے کے ہونے والے جانی و مالی نقصانات کا اندازہ کرنے اور امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں تیزی لانے کی ہدایت کی ہے ضلع ہرنائی میں زلزلے سے متاثرہ افراد کے لیے ریلیف پیکیج کا ہم تم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پارٹی اسٹیکر نے اللہ تعالیٰ سے شہداء کے درجات کی بلندی، زخمیوں کے جلد صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔ ہرنائی میں زلزلے سے متاثرہ افراد کے لیے ریلیف پیکیج تم کرنے کی ہدایت د

وزیراعظم زلزلہ متاثرین کی بحالی کیلئے پیکیج کا اعلان کرے، نور محمد دمڑ

ضلع ہرنائی خصوصاً ہرنائی سٹی اور شہر کے نزدیکی علاقوں زلزلے نے تباہی مچادی ہے

سینکڑوں گھر منہدم بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصان، ہوائی اے پی اے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر ماہی پروری اپنی اپنی ادا سے اداسی

ہرنائی (این این آئی) ہوائی اے پی اے مرکزی رہنما رضا محمد ہوائی وزیر ماہی پروری اپنی اپنی اداسے اداسی اور غم خان دمڑ نے کہا کہ زلزلے نے تباہی مچادی ہے 15 افراد جاں بحق ہوئے دو سے زائد زخمی اور سینکڑوں گھروں کو زلزلے سے شدید نقصان پہنچا ہے منہدم ہو جیسے ہرنائی (این این آئی) ہوائی اے پی اے مرکزی رہنما رضا محمد ہوائی وزیر ماہی پروری اپنی اپنی اداسے اداسی اور غم خان دمڑ نے کہا کہ زلزلے نے تباہی مچادی ہے 15 افراد جاں بحق ہوئے دو سے زائد زخمی اور سینکڑوں گھروں کو زلزلے سے شدید نقصان پہنچا ہے منہدم ہو جیسے ہرنائی سٹی اور شہر کے نزدیکی علاقوں زلزلے نے تباہی مچادی ہے ہوائی اے پی اے کے مرکزی رہنما رضا محمد ہوائی وزیر ماہی پروری اپنی اپنی اداسے اداسی اور غم خان دمڑ نے کہا کہ زلزلے نے تباہی مچادی ہے 15 افراد جاں بحق ہوئے دو سے زائد زخمی اور سینکڑوں گھروں کو زلزلے سے شدید نقصان پہنچا ہے منہدم ہو جیسے

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے ایم این اے آغا حسن بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

تجاوزات اور گرانفروشوں کے خلاف آئندہ بھی کارروائی ہوگی، میر شہک بلوچ

تجاوزات پر کئی دکانداروں کو موقع پر ہزاروں روپے جرمانہ کیا گیا، ڈپٹی کمشنر

ژوب (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر میر شہک بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر ژوب عابد کاکڑ کی ہدایت پر تحصیلدار عبدالستار موسیٰ کلی گرمابی خان، وفیدار لیویز خوش سواب خان نوتان، اور ٹریفک مددیل محمد کاکڑ اور لیویز فورس کے ہمراہ شہر میں تجاوزات، ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشوں کے خلاف آپریشن کیا گیا جس کی 3 کی 1 منٹ پر ہونے والے زلزلے کی وجہ سے مارکیٹوں میں ایک 20 افراد بلاک اور 50 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کل افراد کو انٹرنیشنل حالت میں اسپتال پہنچایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہرنائی میں کئی دکانداروں کو موقع پر ہزاروں روپے جرمانہ کیا گیا، ڈپٹی کمشنر ژوب اور صفائی کی پینٹنگ کر رہے ہیں تجاوزات پر کئی دکانداروں کو موقع پر ہزاروں روپے جرمانہ کیا گیا، انہوں نے کہا کہ تجاوزات اور گرانفروشوں کے خلاف آئندہ بھی کارروائی ہوگی انہوں نے کہا کہ جس دکاندار نے بھی مرکزی رخنہ ڈالا تجاوزات، رخنہ

تفصیل صفحہ 47 کالم 3 پر

اوتھل پولیس کی کامیاب کارروائی 8 لاکھ کی سیلر پلیٹیں برآمد 4 ملزمان گرفتار

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل پولیس کی کامیاب کارروائی 8 لاکھ کی سیلر پلیٹیں برآمد 4 ملزمان گرفتار دوسری کارروائی میں اوتھل شرعہ 2 مقامات فرض گرفتار دو دکھ چرس برآمد تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او SHO اوتھل

تفصیل صفحہ 48 کالم 3 پر

دنیا اور آخرت کی بھلائی دین پر ہے حافظ امین اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ اور جنرل سیکرٹری حافظ صبغ اللہ سیکرٹریٹ صدر عزیز الحق درویش نصیب خان حافظ رفیع اللہ عبدالقادر خاص الدین عبدالغفور ھسوزئی نصیب اللہ ابدالی تاج محمد خروٹی حافظ غلزب اللہ نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دنیا اور آخرت کی بھلائی دین پر ہے آج مسلمان دین محمدی سے دور ہونے پر مختلف مذاہبوں کا شکار ہیں۔

نزلے سے ہرنائی میں ابتک 20 افراد ہلاک اور 50 سے زائد زخمی ہوئے ہیں، اُفور ہائی

زلزلہ پاسمرکز کے مطابق زلزلہ کا مرکز 15 کلومیٹر کی گہرائی میں ہرنائی کے قریب تھا

ہرنائی (ن ش) ڈپٹی کمشنر سہیل اُفور ہائی نے کہا ہے کہ جمعرات کی 3 کی 1 منٹ پر ہونے والے زلزلے کی وجہ سے مارکیٹوں میں ایک 20 افراد بلاک اور 50 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کل افراد کو انٹرنیشنل حالت میں اسپتال پہنچایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا ہے کہ ہرنائی میں کئی دکانداروں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ کئی لوگ ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ علاقے کو ملٹری کی فراہمی معطل کر دی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق متاثرہ لوگوں کی دادرسی اور انخلاء کے

تفصیل صفحہ 49 کالم 3 پر

کوئٹہ پاک فوج کا ہیلکاپٹر ہرنائی میں نزلے کے نتیجے میں زخمی ہونے والی بچی کو ایمبولینس میں منتقل کر رہا ہے

میزل روبیلا کیچ اپ ویکسی نیشن مہم ضلع کچھی میں پندرہ نومبر سے شروع ہوگی

بولان (این این آئی) میزل روبیلا کیچ اپ ویکسی نیشن مہم ضلع کچھی میں پندرہ نومبر سے شروع ہوگی بارہ روز مہم میں نو ماہ سے لیکر پندرہ سال تک کی عمر کے بچوں کو میزل روبیلا ویکسین کی جائیگی ضلع کچھی میں صوف ایک لاکھ چھتیس ہزار ہے بارہ روز مہم کو کامیاب بنانے میں علماء کرام، اساتذہ، برادری اور دیگر شعبہ ہائے زندگی

تفصیل صفحہ 55 کالم 3 پر

ملک وقوم پر آنے والی ہر مشکل کی گھڑی میں پاک فوج نے قوم کو سنبھالا ہے، عوامی حلقے

ملبے کو ہٹانا اور ریلیف کا سامان دیا جسے ہرنائی کی عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

پاک فوج، ایف سی بلوچستان کے جوانوں نے بروقت کارروائی سے کئی قیمتی جانوں کو بچایا، ہوائی کی مذاکرین

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی کے قبائلی عمائدین اور عوامی حلقوں نے اپنے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ملک وقوم پر آنے والی ہر مشکل کی گھڑی میں پاک فوج نے قوم کو سنبھالا ہے ہرنائی میں زلزلے کے بعد پاک فوج، ایف سی بلوچستان نے جوانوں نے بروقت رسکیو اینڈ ریلیف آپریشن کر کے کئی قیمتی جانوں کو بچایا ہے جس پر ہرنائی کے عوام کے شکر گزار ہیں، انہوں نے کہا کہ ہرنائی میں مشکل گھڑی میں سب سے پہلے پاک فوج نے تعاون کیا

تفصیل صفحہ 41 کالم 2 پر

زلزلہ متاثرین کسی بھی صورت تنہا نہیں ہیں، سید سلیم شاہ

عوام امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ہرنائی زلزلے کے متاثرین کو فوری طور پر ریلیف فراہم کیا جائے

پوری قوم پاک فوج کے ساتھ ریلیف کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے تیار کھڑی ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی سردار محمد صالح بھوتانی نے ہرنائی سمیت کوئٹہ میں زلزلے کے نتیجے میں بڑی تعداد میں جانی ومالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہرنائی زلزلے سے ہونے والے نقصانات پر پوری قوم پاک فوج کے ساتھ ریلیف کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے تیار کھڑی ہے، رکن صوبائی اسمبلی سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ ہرنائی میں ایک ایک قوم کی طرح کھڑا ہوا ہوگا، یہاں جاری امدادی سرگرمیوں میں سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ ہرنائی سمیت کوئٹہ اور ضلع بھر میں زلزلے کے بعد امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ہرنائی زلزلے کے متاثرین کو فوری طور پر ریلیف فراہم کیا جائے پوری قوم پاک فوج کے ساتھ ریلیف کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے تیار کھڑی ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ ڈپٹی کمشنر ظہور احمد الرازق کا کنوائے اور انسپکٹر نیما بلوچ کی اہل کار کوئٹی پریشنڈ پیش کر رہے ہیں

تاریخ میں پہلی بار صحت پر ضلع میں ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، میر سلیم احمد خان کھوسہ

جھل مگسی وعدے کے ان سے بڑھ چڑھ کر عوام کی سہولیات کے لئے ترقیاتی منصوبوں پر کام کروائیں

کا اظہار، معروف قبائلی شخصیت و سٹریٹیجک ماہر عبدالستار کھوسہ نے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ میں پہلی بار صحت پر ضلع میں ترقیاتی کام ہو رہے ہیں جس کے پر جھل مگسی کے عوام نے اظہار من ہے

تفصیل صفحہ 42 کالم 3 پر

ماچھی پور (نامہ نگار) سوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں کے علاوہ صحت پر میر سلیم کیٹی کمیونیٹی کلینک کا پروجیکٹ کا دورہ اور سب ڈسٹرکٹ ہسپتال کو فعیل کا دورہ کیا بلکہ عوام کی عوام کے دکھوں پر راج کرنے کے لئے۔ ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پہلی دفعہ ہم کو عوام کی خدمت کا موقع ملا ہے ہم کو عوام کی خدمت کا موقع ملا ہے ہم کو عوام کی خدمت کا موقع ملا ہے